# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپالپور

## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کا کام / ٹیوٹوریل لنکس / جائزہ / سرگرمیاں

## سیشن ۲۰۲۰ء تا ۲۰۲۱

جماعت: دوم

مضمون: اسلامیات



نام طالبعلم:-------------------------------

سیکشن:---------------------------------

رول نمبر:-------------------

# جماعت دوم

تاریخ:۴-اگست ۲۰۲۰ء　　　　دن: منگل

| | |
|---|---|
| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=JmtcBjuAHy0 |

## سبق: اخلاق و آداب

تدریسی مقاصد:

☆بچوں کو حُسن اخلاق کی تعلیم دینا۔

☆بچوں کو اچھی عادات سے آگاہ کرنا۔

پڑھائی:

1۔بڑوں کا ادب

پیارے بچو! ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ہمیں بتایا ہے کہ بڑوں کا ادب کرو۔ جو بچّے بڑوں کا ادب کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن سے خوش ہوتا ہے۔

پیارے بچّو! آپ کو بھی چاہیے کہ اپنے ماں باپ، اساتذہ اور بڑے بہن بھائیوں کا ادب کریں اور اُن کا حکم مانیں تاکہ اللہ تعالیٰ آپ سے بھی خوش ہو۔



تاریخ:۵-اگست ۲۰۲۰ء    دن: بُدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=PWkp0BcQXX4

پڑھائی:    سبق: اخلاق وآداب

2۔صفائی    اللہ تعالیٰ صفائی کو بہت پسند کرتا ہے۔صفائی کو ایمان کا حصہ کہا گیا ہے۔

پیارے بچّو! صاف ستھرے کپڑے پہنو، صبح شام دانتوں کی صفائی کرو۔ ہفتے میں ایک بار ناخن کاٹ لو۔ صاف چیزیں کھانے سے صحت مند رہیں گے اور بیماریوں سے بچ جاؤ گے۔ اور اللہ تعالیٰ بھی آپ سے خوش ہو گا۔







تاریخ:۶-اگست ۲۰۲۰ء                                                    دن؛ جمعرات

| | |
|---|---|
| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=3Jg94APVR7Y |

سبق: اخلاق و آداب

پڑھائی :

| |
|---|
| 3۔سونا اور جاگنا |

پیارے بچو! رات کو عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد جلدی سو جائیں اور صبح سویرے فجر کی نماز پڑھنے کے لیے جاگیں۔جو شخص صبح کی نماز پڑھ لیتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتا ہے۔





تاریخ:۱۱-اگست ۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　　دن:منگل

| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=dJKzVdTFztc |
|---|---|

سبق:اخلاق وآداب

پڑھائی :

| 4۔سچ بولنا |
|---|

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے ہمیں بولنے کے لیے زبان جیسی نعمت عطا کی ہے۔اس لے ہمیں اللہ کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔ہمیشہ سچ بولنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔نبی کریم ﷺ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔اس لیے لوگ آپ کو صادق کے لقب سے پُکارتے تھے۔





تاریخ:۱۲-اگست ۲۰۲۰ء                دن: بُدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=6livfBz7x-4

سبق: اخلاق و آداب

پڑھائی:

5۔ لڑنا جھگڑنا

پیارے بچو! آپس میں لڑنا جھگڑنا اللہ تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے۔ اس لیے ہمیں لڑنا جھگڑنا نہیں چاہیے سب کے ساتھ مل جل کر رہنا چاہیے۔ اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔



تاریخ:۱۳-اگست ۲۰۲۰ء　　　　دن: جمعرات

| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=egUVWqmVjww |
|---|---|

## سبق: اخلاق و آداب

سوال: درست جواب پر (√) کا نشان لگائیں۔

1-سچ بولنے سے کون خوش ہوتا ہے؟

(الف) دوست ۔　　　(ب) رشتے دار۔

(ج) اللہ تعالیٰ۔　　　(د) والدین۔

۲-آپ ﷺ کو لوگ کس لقب سے پکارتے تھے؟

(الف) محمد۔　　　(ب) صادق۔

(ج) احمد۔　　　(د) صادق اور امین۔

۳-صفائی کس کا حصّہ ہے؟

(الف) گھر کا۔　　　(ب) کپڑوں کا۔

(ج) ایمان کا۔　　　(د) بازار کا۔

تاریخ:۱۸-اگست ۲۰۲۰ء

دن: منگل

| | |
|---|---|
| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=q2hScVY9Qz8 |

# سبق: اخلاق وآداب

مشقی سُوالات کے جوابات لکھیے۔

سُوال:سچ بولنے سے کون خوش ہوتا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ۔

جواب:________________________________

جواب:________________________________

سُوال: ہمیں کیسے رہنا چاہیے؟

جواب: مل جل کر۔

جواب:________________________________

جواب:________________________________

سُوال:صاف سُتھرا رہنے سے ہم کس چیز سے بچ جاتے ہیں؟

جواب: بیماریوں سے۔

جواب:________________________________

جواب:________________________________

تاریخ:۱۹-اگست ۲۰۲۰ء　　　　　　　　　　دن: بُدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=qGXTl_nxiNk

# شُکر گزاری

تدریسی مقاصد: اللہ کی عطا کردہ نعمتوں پر شُکر ادا کرنا سکھانا۔
☆ شُکریہ کا مطلب بتانا۔

پڑھائی:



اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ ہمیں ان نعمتوں پر اللہ کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اپنے شُکر گزار بندوں کو پسند کرتا ہے۔ اللہ کا شُکر ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں ان انسانوں کا بھی شُکریہ ادا کرنا چاہیے جو ہمارے کسی کام آئیں یا ہم سے اچھا سلوک کریں۔ شُکریہ کا مطلب ہے کسی کے احسان اور نیکی کو ماننا۔

حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ہے:

"جب کوئی تم سے نیک سلوک کرے، تمھارے کسی کام آئے تو تم اس کا شُکریہ ادا کرو۔"



تاریخ:۲۰-اگست ۲۰۲۰ء

دن: جمعرات

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=CIoMt0PKEo0

# شُکر گزاری

مشقی سُوالات کے جوابات لکھیے۔

سُوال: شُکریہ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: کسی کا احسان ماننا۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

سُوال: ہم کس کی نعمتوں کا شُکر ادا کرتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

سُوال: جو ہمارے کام آئے اس کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

جواب: اچھا سلوک۔

جواب: ____________________

جواب: ____________________

تاریخ:۲۵-اگست ۲۰۲۰ء

دن: منگل

| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=b0GWWhX71Nw |
|---|---|

# شُکر گزاری

سُوال: الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| نعمتیں | اللہ | شُکر گزار | اچھا | انسانوں |
|---|---|---|---|---|

1-اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی۔۔۔۔۔۔عطا کی ہیں۔

۲-ہمیں ان نعمتوں پر۔۔۔۔۔۔۔۔کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔

۳-اللہ تعالیٰ اپنے۔۔۔۔۔۔بندوں کو پسند کرتا ہے۔

۴-جو ہمارے کام آئے اس کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔سلوک کرنا چاہیے۔

۵-اللہ کے ساتھ ساتھ ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔کا بھی شُکریہ ادا کرنا چاہیے۔



تاریخ:۲۶-اگست ۲۰۲۰ء　　　　　دن: بُدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=rOYhGuJrtk4

## السّلام علیکم



تدریسی مقاصد: بچوں کو سلام کا مطلب بتانا۔

☆ اچھی عادات سکھانا۔

پڑھائی:

جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں۔ یہ ایک دعا ہے۔ سلام کا مطلب ہے " سلامتی " یعنی وہ ایک دوسرے کی سلامتی کے لیے دعا کرتے ہیں۔ جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو السّلام علیکم کہتا ہے تو اس کا مطلب ہے، " آپ پر سلامتی ہو "۔ دوسرا مسلمان جواب میں وعلیکم السّلام کہتا ہے۔ جس کے معنی ہیں " آپ پر بھی سلامتی ہو۔ "




ہمیں چاہیے کہ ہم ہمیشہ سلام کرنے میں پہل کریں۔ صبح اٹھتے ماں باپ کو سلام کریں۔ سکول میں اپنے اساتذہ کو دوستوں کو سلام کریں۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں کہ سلام میں پہل کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے، محبت بڑھتی ہے اور دس نیکیاں ملتی ہیں۔

تاریخ:۲۷-اگست ۲۰۲۰ء　　　　دن: جمعرات

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=kHcfHuLVROs



## السّلام علیکم

سُوال: درست جواب پر (√) کا نشان لگائیں۔

1- مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

(الف) اللہ حافظ۔　　(ب) وعلیکم السّلام۔

(ج) خدا حافظ۔　　(د) السّلام علیکم۔

۲-سلام کا مطلب ہے؟

(الف) آپ پر سلامتی ہو۔　　(ب) آپ پر زحمت ہو۔

(ج) آپ پر لعنت ہو۔　　(د) آپ برباد ہو۔

۳-ہمیں کس چیز میں پہل کرنی چاہیے؟

(الف) سونے میں۔　　(ب) سلام کرنے میں۔

(ج) گھر سے نکلنے میں۔　　(د) کام کرنے میں۔

تاریخ:۲۹-اگست ۲۰۲۰ء دن: منگل

| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=8CbdQuDRxK4 |
|---|---|



السّلام علیکم

سوال: الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| پہل | دعا | اللہ | محبت | سلامتی |
|---|---|---|---|---|

1-سلام ایک----------ہے۔

۲-سلام کرنے میں ہمیشہ----------کرنی چاہیے۔

۳-سلام کا مطلب ہے،------------

۴-سلام میں پہل کرنے سے----------خوش ہوتا ہے۔

۵-سلام کرنے سے----------بڑھتی ہے۔



تاریخ:۳۰-اگست ۲۰۲۰ء دن:بُدھ

| ٹیوٹر لنک: | https://www.youtube.com/watch?v=cUEvoUUzMnA |
|---|---|



## جائزہ

سبق: اخلاق وآداب

کل نمبر/10

سُوال:الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔/4

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہل | دعا | نعمتیں | اللہ |

1--سلام ایک----------ہے۔

۲-سلام کرنے میں ہمیشہ---------کرنی چاہیے۔

۳-اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت سی------عطا کی ہیں۔

۴-ہمیں ان نعمتوں پر-------کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

سُوال:ہم کس کی نعمتوں کا شُکر ادا کرتے ہیں؟/3

جواب:______________________________

سُوال: سچ بولنے سے کون خوش ہوتا ہے؟/3

جواب:______________________________